**10.06.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ................. ماجد علی

**Music**

☆ جناب نریندر مودی نے آج وزیراعظم کی حیثیت سے کام کاج سنبھال لیا۔ انہوں نے پی ایم کسان سمان ندھی کی 17ویں قسط جاری کی۔
☆ NDA حکومت کی آج نئی دِلی میں کابینہ کی پہلی میٹنگ ہوگی۔
☆ الیکشن کمیشن نے سات ریاستوں میں 13 اسمبلی حلقوں میں ضمنی انتخابات کا اعلان کردیا ہے۔
☆ جموں وکشمیر کے Reasi ضلع میں دہشت گردانہ حملے کے تناظر میں سیکورٹی فورسز نے بڑے پیمانے پر تلاشی کی کارروائی شروع کی ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے متاثرین کے کنبوں کو دس-دس لاکھ روپے کی نقد امداد کا اعلان کیا ہے۔
☆ IMD نے گوا، مہاراشٹر اور کرناٹک میں شدید بارش کی پیش گوئی کرتے ہوئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

اب خبریں تفصیل سے............

**Modi PM Kisan**

جناب نریندر مودی نے آج تیسری مدت کے لیے وزیراعظم کی حیثیت سے کام کاج سنبھال لیا ہے۔ ایک مرتبہ پھر کام کاج سنبھالنے کے بعد جناب مودی نے 'پی ایم کسان سمّان نِدھی' کی 17 ویں قسط جاری کرنے سے متعلق پہلی فائل پر دستخط کیے۔ اِس کے تحت تقریباً 20 ہزار کروڑ روپے تقسیم کیے جائیں گے جس سے 9 کروڑ 30 لاکھ کسانوں کو فائدہ ہوگا۔ جناب مودی نے کہا اُن کے پہلے فیصلے سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ نئی حکومت کسانوں کی فلاح وبہبود کے تئیں عہدبستہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اُن کی حکومت کسانوں کی بہبود کے لیے مکمل طور پر پُرعزم ہے۔
ہمارے نامہ نگار نے خبردی ہے کہ 2019 میں پی ایم کسان اسکیم کا آغاز کیا گیا تھا جس کا مقصد ملک بھر کے سبھی کسان کنبوں کو مالی مدد فراہم کرنا تھا۔ اِس اسکیم کے تحت اہل کسان کنبوں کو سالانہ چھ ہزار روپے کی مالی مدد فراہم کی جاتی ہے۔ اِس اسکیم کو مرکزی اسکیم کے طور پر نافذ کیا گیا تھا جسے مرکزی حکومت کی جانب سے سو فیصد مالی مدد حاصل ہے۔

کسانوں کو یہ رقم 2 ہزار روپے کی تین قسطوں میں براہ راست اُن کے بینک کھاتوں میں منتقل کی جاتی ہے۔ اِس اسکیم سے 11 کروڑ سے زیادہ کسان کنبے استفادہ کرچکے ہیں اور اب تک اُن کے کھاتوں میں 3 لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ منتقل کیے جاچکے ہیں۔

**PM World Leaders**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہاکہ اُن کی حکومت کی تیسری مدت کے دوران بھی بھارت، بحر ہند خطے کے امن اور ترقی و خوشحالی کیلئے کام کرتا رہے گا۔ اِس ضمن میں انہوں نے خطے میں عوام سے عوام کے درمیان مزید گہرے تعلقات اور رابطوں پر زور دیا۔ جناب مودی اپنی حلف برداری کے بعد کل رات راشٹرپتی بھون میں بھارت کے پڑوسی ملکوں اور بحرہند خطے کے، مہمان رہنماؤں سے ملاقات کر رہے تھے۔

وزیراعظم نے اِس تقریب میں رہنماؤں کی شرکت پر اُن کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ''پڑوس مقدم'' پالیسی اور ''ساگر وژن'' کے، بھارت کے عزم کو ایک بار پھر دوہرایا۔ جناب مودی نے کہاکہ بھارت، بین الاقوامی سطح پر عالمی خطۂ جنوب کی آواز کو آگے تک پہنچانا جاری رکھے گا۔ کل شام جناب نریندر مودی کو لگاتار تیسری مرتبہ وزیراعظم کی حیثیت سے حلف دلایا گیا۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے راشٹرپتی بھون میں منعقدہ ایک تقریب میں جناب مودی اور وزراء کی نئی کونسل کے ارکان کو عہدے اور رازداری کا حلف دلایا۔ اِس دوران وزیراعظم مودی نے عالمی رہنماؤں کا اُن کے مبارکباد کے پیغامات کے لیے شکریہ ادا کیا۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں کینیڈا کے وزیراعظم جسٹن ٹروڈو نے کہا کہ اُن کا ملک انسانی حقوق، یگانگت اور قانونی کی عمل داری پر مبنی دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات کو آگے لے جانے کے لیے بھارتی حکومت کے ساتھ کام کرنے کے لیے تیار ہے۔ کینیڈا کے وزیراعظم کے پیغام کے جواب میں جناب مودی نے کہا کہ بھارت باہمی سمجھ بوجھ اور ایک دوسرے کی تشویش کے احترام پر مبنی رشتوں کی خاطر کام کرنے کا متمنی ہے۔

مبارکباد کے اپنے پیغام میں فِن لینڈ کے وزیراعظم Petteri Orpo نے کہا کہ وہ اپنے تعلقات کو وسعت دینے اور مشترکہ طور پر دونوں ملکوں کے عوام کی فلاح وبہبود کے لیے مل کر کام کرنے کے منتظر ہیں۔ وزیراعظم مودی نے اِس کے جواب میں کہا کہ وہ بھارت فِن لینڈ تعلقات کو مزید وسعت دینے اور دونوں ملکوں کی شراکت داری کو مستحکم کرنے کی خاطر مل کر کام کرنے کے خواہش مند ہیں۔

سلووانیہ کے وزیراعظم Robert Golob نے کہا کہ وہ سلووانیہ اور بھارت کے درمیان مزید تعلقات اور بین الاقوامی سطح پر اشتراک بڑھانے کے لیے کام کرنا چاہتے ہیں۔ یوگانڈا کے صدر Yoweri K Museveni نے قومی انتخابات میں جناب نریندر مودی اور بی جے پی کی جیت پر اُنہیں مبارکباد دی ہے۔

مائیکروسافٹ کے بانی بِل گیٹس نے جناب نریندر مودی کو تیسری مرتبہ وزیراعظم کے عہدے کی ذمہ داری سنبھالنے پر مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں جناب گیٹس نے کہا کہ جناب مودی نے صحت، زراعت، خواتین کی قیادت والی ترقی اور ڈیجیٹل منتقلی جیسے شعبوں میں اختراع کے ایک ذریعے کے طور پر بھارت کی پوزیشن مضبوط کی ہے۔

**Cabinet Meet**

نئی کابینہ کی پہلی میٹنگ آج شام ہونے کی توقع ہے۔ کل وزیراعظم نریندر مودی اور وزراء کی نئی کونسل نے حلف لیا تھا۔ صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے جناب مودی اور وزراء کی نئی کونسل کو عہدے اور رازداری کا حلف دلایا۔

**Industry Body PM**

صنعتی ادارے FICCI اور Assocham نے جناب نریندر مودی کو تیسری بار وزیراعظم کے طور پر حلف لینے پر مبارکباد دی ہے۔ FICCI نے کہا ہے کہ مرکز میں مستحکم حکومت، اقصادی منظرنامے کو مزید مضبوطی فراہم کرے گی۔ FICCI کے صدر ڈاکٹر انیش شاہ نے کہا کہ FICCI ترقی پسند پالیسیوں اور اقدامات کا منتظر ہے جو معاشی اور سماجی ترقی کو فروغ دے گا اور ''وکست بھارت'' کی مضبوط بنیاد رکھے گا۔

Assocham کے صدر سنجے نائر نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی نے بھارت کے تیسری سب سے بڑی معیشت بننے کے قومی عزم کو ایک بار تازہ کردیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ نئی مدت کا آغاز سے صنعت، تجارت اور مالیاتی اداروں کا پورا Eco سسٹم دوبارہ متحرک ہوگیا ہے۔

**EC Bye Election**

انتخابی کمیشن نے 7 ریاستوں کے 13 اسمبلی حلقوں کے ضمنی چناؤ کے پروگرام کا اعلان کردیا ہے۔ اِن میں سے 4 اسمبلی حلقے مغربی بنگال میں، 3 ہماچل پردیش میں، 2 اتراکھنڈ میں اور ایک-ایک بہار، تمل ناڈو، مدھیہ پردیش اور پنجاب میں ہیں۔ کمیشن نے کہا ہے کہ اِن اسمبلی حلقوں میں آئندہ ماہ کی 10 تاریخ کو پولنگ ہوگی اور ووٹوں کی گنتی 13 جولائی کو کی جائے گی۔

**BJP Observers Odisha**

BJP نے اوڈیشہ میں قانون ساز پارٹی کا لیڈر منتخب کرنے کیلئے مرکزی وزراء راج ناتھ سنگھ اور بھوپیندر یادو کو مرکزی مشاہد بنایا ہے۔ BJP نے ایک بیان میں بتایا کہ اُس کے پارلیمانی بورڈ نے اِن دو لیڈروں کا انتخاب کیا ہے، تاکہ یہ ریاست میں قانون ساز پارٹی کے لیڈر کا انتخاب کرسکیں۔ توقع ہے کہ BJP قانون ساز پارٹی اپنا لیڈر چننے کیلئے کل میٹنگ کرے گی۔ ریاست میں BJP کے پہلے وزیراعلیٰ کی حلف برداری کی تقریب بدھ کے روز ہونا طے ہے۔ یہ تقریب بھونیشور کے جنتا میدان میں ہوگی، جس کیلئے زوروشور سے تیاریاں کی جارہی ہیں۔ BJP نے 147 ممبر والی اسمبلی میں 78 سیٹیں جیتی ہیں اور اُس نے ریاست میں پہلی مرتبہ اکثریت حاصل کی ہے۔ BJP نے بیجو جنتادل کے 24 سال کی حکمرانی کو ختم کردیا ہے۔

**Sikkim Odisha-AP**

سکم میں بحیثیت وزیراعلیٰ پریم سنگھ تمانگ اور اُن کی وزراء کی کونسل کی حلف برداری کی تقریب، گینگٹاک کے **Paljor** اسٹیڈیم میں آج سہ پہر چار بجے منعقد کی جائے گی۔ حلف برداری کی تقریب کے پیش نظر، آج گینگٹاک میونسپل کارپوریشن علاقے کے، سبھی سرکاری اور پرائیویٹ اسکول، کالج اور تعلیمی ادارے بند رہیں گے۔ آندھرا پردیش کے نامزد وزیراعلیٰ این چندرا بابو نائیڈو بھی بدھ کے روز کرشنا ضلع کے **Gannavaram** میں حلف لیں گے۔

**J&K Terror Attack**

جموں وکشمیر میں سیکورٹی فورسز نے آج بڑے پیمانے پر اُن دہشت گردوں کو پکڑنے کیلئے تلاش کی کارروائی شروع کی ہے، جنہوں نے **Reasi** ضلع میں ایک مسافر بس پر حملہ کیا۔ اِس کے سبب دس افراد ہلاک اور دیگر **33** زخمی ہوگئے۔ جموں سے آکاشوانی کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ اِس بس میں اترپردیش اور دلی کے عقیدتمند سوار تھے اور یہ پچھلی رات ایک دہشت گردانہ حملے کے بعد گہری کھائی میں جاگری۔ یہ بس شیوکھوری سے ماتا ویشنودیوی کٹڑہ جارہی تھی۔ جب یہ بس **Reasi** ضلع کے **Pouni** علاقے میں پہنچی، تو شام **6** بجکر دس منٹ پر دہشت گردوں نے اِس پر حملہ کردیا۔ دہشت گردوں نے اس بس پر فائرنگ کی، جس کی وجہ سے ڈرائیور نے کنٹرول کھو دیا اور بس گہری کھائی میں جاگری۔

سیکورٹی فورسز، فوج، پولیس اور سینٹرل ریزرو پولیس فورس **CRPF** نے مل کر **Teryath-Pouni-Shiv Khori** علاقے کی گھیرا بندی کردی ہے۔ ڈرونس اور تلاشی میں مدد دینے والے کتوں کے ساتھ علاقے اور اس کے آس پاس بڑے پیمانے پر تلاشی کی کارروائی شروع کی گئی ہے۔

صدر جمہوریہ اور نائب صدر جمہوریہ نے جموں وکشمیر میں عقیدتمندوں سے بھری بس پر دہشت گردانہ حملے ہونے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے پیغام میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمونے کہا کہ عقیدتمندوں کو لے جا رہی بس پر دہشت گردانہ حملہ ایک بزدلانہ کارروائی ہے اور انسانیت کے خلاف ایک جرم ہے اور اس کی شدید الفاظ میں مذمت کی جانی چاہیے۔

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کہا کہ اُنہیں اِس حادثے سے گہرا صدمہ پہنچا ہے۔ جناب دھنکھڑ نے کہا کہ وہ اِس حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ نائب صدر جمہوریہ نے متاثرین کے کنبوں کے ساتھ تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے صورتحال کا جائزہ لیا اور لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کو صورتحال پر مسلسل نظر رکھنے اور زخمی عقیدتمندوں کو سبھی ممکنہ دیکھ بھال اور مدد فراہم کرنے کو یقینی بنانے کی ہدایات دیں۔

مرکزی وزراء راجناتھ سنگھ اور امت شاہ نے بھی حملے کی مذمت کی ہے۔ جناب شاہ نے کہا کہ اِس بزدلانہ حملے کے مجرموں کو بخشا نہیں جائے گا اور انھیں قانون کا سامنا کرنا ہوگا۔

## J&K LG

جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے جموں ڈویژن کے Reasi ضلعے میں عقیدتمندوں کی ایک بس پر ہوئے دہشت گردانہ حملے کی سخت مذمت کی ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے اِس حملے میں ہلاک ہوئے لوگوں کے اہل خانہ کے ساتھ تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے بتایا کہ سیکورٹی فورسز نے جموں وکشمیر پولیس کے ساتھ مل کر علاقے کی گھیرابندی کرکے مشترکہ تلاشی کی کارروائی شروع کی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اِس بزدلانہ حملے میں ملوث افراد کو جلد ہی سزا دی جائے گی۔ انہوں نے مہلوکین کے کنبوں کو دس دس لاکھ روپے نقد امداد کا اعلان کیا۔

## IMD Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے آج گوا، مہاراشٹر اور کرناٹک کے بیشتر حصوں کے لیے شدید سے بہت شدید بارش کے سبب ریڈ وارننگ جاری کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ موسم میں یہ تبدیلی مراٹھ واڑا خطے میں سمندری طوفان کی وجہ سے ہوئی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے مزید کہا ہے کہ کرناٹک، کیرالہ، لکشدیپ اور آندھرا پردیش میں اگلے تین سے چار روز کے دوران گرج چمک، بجلی اور شدید ہواؤں کے ساتھ ہلکی سے اوسط بارش میں کمی آجائے گی۔  اس دوران پنجاب، ہریانہ، بہار، جھارکھنڈ، مغربی بنگال، ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، دلی، راجستھان اور مدھیہ پردیش میں اس مہینے کی 13 تاریخ تک شدید گرمی کے حالات رہیں گے۔ شمال مغربی اور وسطی بھارت اگلے چار روز کے دوران زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں دو سے تین ڈگری سیلسیس کا اضافہ ہونے کا امکان ہے۔

## T-20 Worl Cup Result

مردوں کے ICC ٹی-ٹوینٹی ورلڈ کپ میں بھارت نے نیویارک کے Nassau کاؤنٹی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں ایک سنسنی خیز میچ میں پاکستان کو چھ رن سے ہرا دیا۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بھارتی ٹیم آل آؤٹ ہونے سے پہلے 19 اوورس میں کُل 119 رن ہی بنا پائی۔ رشبھ پنتھ کے 31 گیندوں میں 42 رن، جبکہ اکشر پٹیل کے 18 گیندوں میں 20 رن کی مدد سے بھارتی ٹیم ایک ٹھیک اسکور بنا سکی۔

پاکستان کے لیے حارث رؤف اورنسیم شاہ نے تین-تین وکٹ لیے، جبکہ محمد عامر نے دو وکٹ حاصل کیے۔

جسپریت بُمرا کی بہترین کارکردگی کے ساتھ ساتھ بھارتی گیند بازوں نے پاکستان کو 120 رن کا جیت کا نشانہ حاصل نہیں کرنے دیا اور میچ 6 رن سے جیت لیا۔ بمرا نے 4 اوورس میں محض 14 رن دے کر تین وکٹ لیے۔ ہاردک پانڈیا نے2 وکٹ جبکہ اکشر پٹیل اور Arshdeep Singh نے ایک ایک وکٹ حاصل کیا۔ بمرا کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ ٹی-ٹوینٹی بین الاقوامی میچوں میں جیت کا یہ سب سے کم رن کا نشانہ تھا جس کا بھارت نے کامیابی سے دفاع کیا۔

☆☆☆